بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دفتر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا میں واقع درج ذیل دو عدد دوکانیں سب سے زیادہ بولی دیے جانے کی بنا پر درج ذیل شرائط کے مطابق ماہانہ کرائے پر دیئے جانے مقصود ہیں۔ سیکرٹری بورڈ ہذا کو اختیار حاصل ہے کہ پیپرا رولز کے مطابق تمام ٹینڈر مفاد بورڈ میں منظور یا مسترد کر دے تاہم ٹینڈر مسترد ہونے کی صورت میں ٹینڈر دہندہ کو اس کی درخواست پر پیپرا رولز 2014 کی شق نمبر (35.2) کے مطابق آگاہ کیا جائے گا۔ منسوخی کی صورت میں دفتر Justifiction دینے کا پابند نہ ہوگا۔ تاہم ٹینڈر منظور / مسترد کرنے کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ اور اسے قانونی یا غیر قانونی طور پر کسی کورٹ میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

(1) جنرل سٹور برائے عرصہ یکم مئی 2019 تا 30 اپریل 2020

(2) سٹیشنری، فوٹوسٹیٹ، P.C.O اور کمپیوٹر کمپوزنگ وغیرہ برائے عرصہ یکم مئی 2019 تا 30 اپریل 2020

1۔ دوکانوں کی بولی کے ٹھیکے میں حصہ لینے والے خواہش مند حضرات مبلغ دس دس ہزار روپے کی کال ڈیپازٹ بنام سیکرٹری سیکنڈری بورڈ ہذا U.B.L میں جمع کروا کر ہمراہ لائیں۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ دکانوں کو کرایہ پر حاصل کرنے کیلئے دو ماہ کا ایڈوانس کرایہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

3۔ بولی مورخہ 27-4-2019 بوقت 02:00 PM بجے دن ہوگی۔

4۔ بولی میں حصہ لینے والے خواہش مند حضرات شرائط نیلامی و دیگر معلومات کے سلسلہ میں دفتری اوقات کار کے دوران صبح 9:00 بجے تا شام 4:00 بجے دفتر ہذا کے اسٹیٹ برانچ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

5۔ حکومت پاکستان پنجاب کی طرف سے لاگو تمام ٹیکسز جمع کروانا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

المشتہر

فقیر محمد کیفی

سیکرٹری

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

شرائط ٹھیکہ دوکانیں عرصہ 01-05-2019 تا 30-04-2020

1۔ عرصہ ایک سال کی مدت مورخہ یکم مئی 2019 تا 30 اپریل 2020 کیلئے سب سے زیادہ کرایہ کی رقم کی پیشکش کی بنیاد پر دیا جائے گا۔

2۔ ٹھیکہ میں شمولیت کے لئے مبلغ -/10,000 (دس ہزار روپے) کی کال ڈیپازٹ فراہم کرنا ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ دکانوں کو کرایہ پر حاصل کرنے کے لئے دو ماہ کا ایڈوانس کرایہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ٹھیکہ ختم ہونے کی مدت تک دفتر ہذا کے قبضہ میں رہے گی۔ اور کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ادا کرنا لازمی ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں 100 روپے یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔ نیز دفتر کی طرف سے فراہم کردہ بل بجلی فوری طور پر ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

4۔ کرایہ دار دوکان کے تمام نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

5۔ دفتر کی طرف سے مقرر کردہ کمیٹی دوکان و اطراف کی صفائی اور اشیاء فروختگی کے معیار اور نرخ وغیرہ چیک کرنے کی مجاز ہوگی۔ جس کی ہدایت پر عمل کرنا لازم ہوگا۔ بصورت دیگر کمیٹی کی سفارش پر کرایہ دار کو جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ کرایہ دار دوکان کے بنیادی ڈھانچے کو خراب نہ کرے گا۔ اور اس میں نصب کردہ سامان دوکان خالی کرنے پر اصل حالت میں واپس/پورا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

6۔ اشیاء فروختگی کے اعلیٰ معیار کو قائم رکھنا دکان دار کے لئے لازم ہوگا۔ دکان دار اشیاء کے مقرر کردہ نرخوں سے زائد وصول نہ کرے گا۔ نیز اشیاء فروختگی کے تمام آئٹم بمطابق گورنمنٹ/مارکیٹ ریٹ فراہم و فروخت کرنے کا پابند ہوگا۔ اور اشیاء کا نرخ نامہ مناسب جگہ پر آویزاں کرے گا۔ ان امور پر عمل نہ کرنے کی صورت میں بورڈ مناسب جرمانہ کرنے کا مجاز ہوگا جبکہ منسوخی معاہدہ اور زرضمانت ضبط کرنے کا حق اس کے علاوہ بورڈ کے پاس محفوظ رہے گا۔

7۔ دکان سے متعلقہ جملہ سامان از قسم آرائش و فرنیچر وغیرہ کی فراہمی دکان دار کی اپنی ذمہ داری ہوگی۔

8۔ دکان دار کے دانستہ یا نادانستہ معاہدہ کے مطابق عائد کردہ ذمہ داریوں سے اغماض برتنے یا انحراف کئے جانے کی صورت میں بورڈ معاہدہ منسوخ کرنے اور زرضمانت ضبط کرنے کا مجاز ہوگا۔ جبکہ گورنمنٹ کی جانب سے موصولہ و منظور شدہ ہدایات پر عمل درآمد کرنا لازم ہوگا۔ مقررہ میعاد سے قبل از خود دکان چھوڑنے پر زرضمانت ضبط ہو جائے گی۔

9۔ دکان دار نہ تو دکان میں کسی کو فریق بنائے گا اور نہ ہی دکان کسی اور کو کرائے پر دینے کا مجاز ہوگا۔ دکان سے متعلق معاملات نمٹانے کیلئے دکان دار کا بورڈ سے براہ راست رابطہ ہوگا۔ دکان دار کسی دیگر شخص کو گفت وشنید یا خط و کتابت کیلئے مقرر کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

10۔ کرایہ دار دکان کے بنیادی ڈھانچہ کو خراب نہیں کرے گا۔ اور اس میں نصب کردہ سامان دکان خالی کرنے پر اسی حالت میں واپس/پورا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

11۔ کرایہ دار سے بلاوجہ دکان معاہدہ کی میعاد سے قبل خالی نہیں کرائی جائے گی۔ تاہم معاہدہ کی کسی شق کی خلاف ورزی کی صورت میں بورڈ، دکان دار کو ایک ماہ کا نوٹس دیکر دکان خالی کرائے گا۔ جبکہ دکان دار کسی وجہ سے دکان خالی کرنا چاہے تو ایک ماہ قبل بورڈ کو تحریری آگاہ کرے گا۔ اور بطور ثالث جناب چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

12۔ دکان دار کسی صورت میں دکان بند نہیں رکھے گا تاہم مجبوری کے حالات کے باعث بورڈ کو پیشگی مطلع کرے گا۔ بلا اجازت دکان بند رکھنا قابل جرمانہ ہوگا۔ اور زرِ ضمانت قابل ضبطگی ہوگی۔ کسی بھی وجہ سے معاہدہ کی منسوخی کی صورت میں دکان دار آئندہ دکان کرایہ پر حاصل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اور اسے بلیک لسٹ کر دیا جائے گا۔

13۔ کرایہ دار اور بورڈ کے مابین کسی صورت میں تنازعی کی صورت میں چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا کا فیصلہ بطور ثالث حرف آخر اور دونوں فریقین پر لاگو اور قابل تسلیم تصور ہوگا۔ جس کو کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جا سکے گا۔

14۔ دکان دار گورنمنٹ کی طرف سے لاگو کردہ تمام ٹیکسز ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

اسٹیٹ ویلفیئر آفیسر
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودیا